# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 29/ستمبر۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں بڑکن صنعتی منصوبے سمیت ریاست کے مختلف ترقیاتی کاموں کا آج سنگ بنیاد اور افتتاح۔

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات میں زیادہ سے زیادہ حق رائے دہی استعمال کرنے کی چیف انتخابی کمشنر کی جانب سے رائے دہندگان کو تلقین۔

☆ مکھیہ منتری تیرتھ درشن اسکیم کا کولہاپور سے ریاستی سطح پر آغاز۔

اور ☆ صفائی ہی خدمت مہم کے تحت مراٹھواڑہ بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں آج ریاست کے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا جائیگا۔ ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے ہونے والے اس پروگرام میں پونا کے بھڑے واڑہ میں کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی یادگار کی تعمیر کا سنگ بنیاد شیواجی نگر تا سوار گیٹ میٹرانڈر پاس کا افتتاح سوار گیٹ تا کرج سب وے کا سنگ بنیاد اور شولاپور طیرانگاہ کا افتتاح بھی آج وزیراعظم کے ہاتھوں عمل میں آئیگا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر سے قریب بڑکن صنعتی منصوبے کا افتتاح آج وزیراعظم کریں گے۔ مرکزی حکومت نے تقریباً 7/ہزار 855 ایکڑ رقبے پر محیط اس دہلی ممبئی صنعتی راہداری کے اس مرحلہ پروجیکٹ کیلئے چھ ہزار 400/کروڑ روپئے کی منظوری دے رکھی ہے۔

دریں اثناء وزیراعظم آج آکاشوانی کے من کی بات پروگرام میں عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس سلسلے کی 114/ویں قسط ہوگی۔ یہ پروگرام صبح 11/بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائیگا۔

***** **** *****

پردھان منتری جن جاتی اُنت گرام ابھیان یعنی وزیراعظم قبائلی ترقیات کی دیہی مہم کے تحت مہاراشٹر کے 32/اضلاع میں تقریباً 12 لاکھ 87/ہزار قبائلی افراد مستفید ہوسکیں گے۔ اس برس کے سالانہ مرکزی بجٹ میں معلنہ اس پروگرام کے کام کا عنقریب آغاز ہوگا۔ اس منصوبے کے مطابق جالنہ کے 25/، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے گیارہ، بیڑ 2 اور لاتور ضلع کے 2، دھاراشیو کے 4 اور پربھنی ضلع کے 5 دیہاتوں میں سکولت پذیر قبائیلیوں کو اس کا فائدہ پہنچے گا۔

***** **** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے آئندہ ریاستی اسمبلی انتخابات کے دوران زیادہ سے زیادہ رائے دہندگان کو اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کی تلقین کی ہے۔کل ممبئی میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے بعد چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ رائے دہی مراکز پر رائے دہندگان کیلئے بہترین سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت انہوں نے کی ہے۔اس کے علاوہ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ ایک انتخابی مرکز پر زیادہ سے زیادہ 950 رائے دہندگان ہوں۔

چیف انتخابی کمشنر کی فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ریاست میں مجموعی طور پر 9/اعشاریہ پانچ نو کروڑ رائے دہندگان ہیں۔جس میں مردوں کی تعداد 4/اعشاریہ 9 کروڑ اور خواتین کی تعداد 4 اعشاریہ چھ چار کروڑ ہے۔100 برس سے زائد عمر کے ووٹرز کی تعداد 49 ہزار ہے۔تیسری جنس بزرگ شہریوں اور معذور رائے دہندگان کیلئے انتخابی کمیشن کی جانب سے خصوصی انتظامات کئے جائیں گے۔رائے دہی مراکز پر پہنچنے سے قاصر بزرگ شہریوں کو گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کی سہولت دی جائیگی۔مجرمانہ پس منظر رکھنے والے امیدواروں کو اخبارات میں تین بار اشتہار دینا ہوگا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم تیرتھ یوجنا کا کل کولہا پور سے ریاستی سطح پر آغاز ہوا۔وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بذریعہ ٹیلی کانفرنسنگ کولہا پور تا ایودھیا پہلی ریل گاڑی کو ہری جھنڈی دکھائی۔اس موقع پر کولہا پور کے رابطہ وزیر حسن مشرف کولہا پور ریلوے اسٹیشن پر موجود تھے۔اس خصوصی ٹرین سے 800 بزرگ یاتری ایودھیا کے لئے روانہ ہوئے۔اس اسکیم میں ملک کے 73 اور ریاست کے 66 مقدس مقامات کو شامل کیا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے اس تیرتھ یاترا میں شامل ہونے والوں کا استقبال کیا اور انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔

***** ***** *****

ریاست میں گذشتہ منگل اور بدھ کو ہوئی موسلا دھار بارش کے باعث 12/اضلاع میں فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا۔سویابین، پیاز، سبزیوں، مکا، باجرہ، مونگ اور مونگ پھلی کی فصلوں کا شدید نقصان ہوا۔اس سلسلے میں جاری کردہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ شدید بارش سے 33/ہزار ہیکٹر پر فصلوں کو نقصان پہنچا۔

دھاراشیو ضلع میں اس بارش سے کئی فصلوں کو نقصان پہنچا۔رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ان نقصانات کا معاوضہ ادا کئے جانے کیلئے وہ کوشش جاری رکھیں گے۔چند ایک دیہاتوں میں ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے بعد کل وہ صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

لاتور میں کل ہندوستان کی آزادی کی دوسری جنگ کے عنوان سے تحریر کردہ کتاب بھارتیہ سواتنتر اچا دوسرا لڑھا کے دوسرے ایڈیشن کا اجراء راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مراٹھواڑہ مکتی سنگرام کی تاریخ ابھی تک عوام تک مکمل طور پر نہیں پہنچ سکی ہے۔ کئی ایک واقعات اب بھی تحریری شکل میں نہیں لائے جا سکے ہیں۔ انہوں نے مکتی سنگرام کی مکمل تاریخ نئی نسل تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیر کھیل سنجے بنسوڑے اور اوسا اسمبلی حلقے کے رکن اسمبلی ابھیمنو پوار نے کل ہند چھاوا سنگھٹنا کے سربراہ وجئے کمار گھاڈگے سے ملاقات کی۔ سویابین کو ساڑھے آٹھ ہزار روپئے فی کوئنٹل قیمت دیئے جانے اور کسانوں کو قرض عام طور پر معاف کئے جانے کے مطالبے پر اوسا میں گذشتہ 11 دنوں سے گھاڈگے پاٹل بھوک ہڑتال پر ہیں۔ وزیر کھیل بنسوڑے نے تیقن دیا کہ ان مطالبوں پر وزیر اعلیٰ اور وزیر زراعت سے گفت و شنید کر کے مسئلے کا حل تلاش کیا جائیگا۔

***** ***** *****

صفائی خدمت مہم کے تحت مراٹھواڑہ بھر میں مختلف پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں کل ہرسول علاقے کے سینٹرل اسکول میں ایک درخت ماں کے نام پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر طلباء نے درخت لگانے کی اہمیت کو اجاگر کرنے والا حلف لیا اور اس علاقے کی صفائی بھی کی گئی۔

اسی دوران چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن نے ایک پروگرام منعقد کیا۔ اس میں خواتین سے شہر کی صفائی سے متعلق سوالات کر کے بیداری پیدا کی گئی۔ اس موقع پر 11 خواتین کو پیٹھنی ساڑی اور دیگر 51 / ترغیبی انعامات بھی دیئے گئے۔ شہر کے سرسوتی بھون کالج میں این ایس ایس طلباء نے شہر کی صفائی کے پروگرام میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں صفائی میں خدمت مہم کے تحت طلباء کی دوڑ اور سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ دھاراشیو ضلع کے ضلع پریشد اسکول کے صدر مدرس پڑوڑ نے بتایا کہ اس موقع پر شہر کی مختلف گلیوں م یں جا کر صفائی کا پیغام عوام تک پہنچایا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے نیرلی میں گذشتہ جمعہ کو زہریلا پانی پینے سے 273 / شہری متاثر ہوئے تھے۔ ان میں سے 6 / مریض اب بھی تشویشناک حالت میں ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے بتایا کہ بقیہ افراد کی صحت اب خطرے سے باہر ہے۔ نیرلی گاؤں میں 6 / طبی ٹیمیں سرگرم ہیں۔ گاؤں کے پانی کے نمونے جانچ کیلئے روانہ کر دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین کانپور میں جاری دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کل بارش کے باعث کھیل نہیں ہو سکا۔ پہلے دن کے اختتام پر بنگلہ دیش نے اپنی پہلی اننگ مین تین وکٹ کے نقصان پر 107 رن بنائے ہیں۔ دو ٹیسٹ میچوں کی اس سیریز میں بھارت نے ایک صفر کی ناقابل شکست سبقت حاصل کر رکھی ہے۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے جائیکواڑی آبی منصوبے سے جاری پانی کے اخراج کو کم کیا گیا ہے۔ ڈیم کے 18/ دروازوں سے 14/ ہزار 672 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی گوداوری ندی میں چھوڑا جارہا ہے۔

***** **** *****

ضرورت مندوں کی مانگ پر شمسی توانائی پمپ مہیا کرنے کی اسکیم کے تحت گذشتہ 14 دنوں میں ایک لاکھ 22/ ہزار کسانوں نے اسکیم میں اپنے نام درج کروائے ہیں۔ مہاوترن کمپنی کے چیئرمین اور منیجنگ ڈائریکٹر لوکیش چندر نے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے ترغیب دی کہ کسان اس اسکیم کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

***** **** *****

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں بڑکن صنعتی منصوبے سمیت ریاست کے مختلف ترقیاتی کاموں کا آج سنگ بنیاد اور افتتاح۔

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات میں زیادہ سے زیادہ حق رائے دہی استعمال کرنے کی چیف انتخابی کمشنر کی جانب سے رائے دہندگان کو تلقین۔

☆ مکھیہ منتری تیرتھ درشن اسکیم کا کولہاپور سے ریاستی سطح پر آغاز۔

اور ☆ صفائی ہی خدمت مہم کے تحت مراٹھواڑہ بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

***** **** *****